ہر تصنیف اہل ذوق کے لئے سرمایہ افتخار رہوتا ہے،ان کی سحر انگیز قلم سے ۱۹۸۵ء سے تاہنوز مسلسل اسفار حج وعمرہ کے ایمان افروز سفرنامے ، دلچسپ مناظر ،حیرت انگیز مشاہدات اورتاریخی افادات زیرتبصرہ کتاب ’’ کعبہ میرے آگے‘‘ میں شامل ہے ،جس میں انہوں نے اپنے پاکیزہ جذبات،عشق نبوی کے کیفیات ، شستہ اسلوب میں پیش کیا،جنہیں پڑھ کردل و دماغ انبساط وسرور سے معمور ہوجاتے ہیں،مولانا جان محمد جان نے اس اہم کتاب کوترتیب دینے میں کوئی کسرنہیں چھوڑی ، قارئین کیلئے سوغات سے کم نہیں۔

● **علمی اورمطالعاتی زندگی** تالیف :مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت :386 صفحات

شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ العالی (مدیرالحق) کےسوال نامے کے جواب میں ، نابغہ روزگار ،عبقری علماء، دانشوروں ، اورعمائدین کے جوابات کوشیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ العالی (مدیرالقاسم) نے اعلیٰ سلیقے سے ترتیب دیکر ایک حسین گلدستہ کومنظر عام پرلایا اب تک اس کے کئی ایڈیشن منظرعام پرآکر اہل علم سے دادتحسین وصول پاچکے ہیں، یہ اس کا چھٹا ایڈیشن ہے ، یہ کتاب اہل علم کیلئے یہ قیمتی سوغات اور مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے ،امید ہے کہ اگلا ایڈیشن بہترین کمپوزنگ اوراعلیٰ ترتیب کے ساتھ نمودار ہوگا ان شاء اللہ۔

● **ارباب علم وکمال اور پیشہ رزق حلال** تالیف :مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت :205 صفحات

علامہ عبدالکریم سمعانی کی کتاب الانساب کے نادر موضوعات کاخلاصہ اورنچوڑ عصر حاضر کے اسلوب تحریر کے عین مطابق پیش کیا،اردودان طبقہ کیلئے ایک لازوال تحفہ ہے،اپنے موضوع کے اعتبار سے منفرد کتاب اورشاہکارتصنیف ہے، جسے شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ نے دلکش انداز شستہ اسلوب تحریر میں پیش فرمایا ہے۔اس بہترین کتاب کے کئی ایڈیشن منظرعام پرآچکی ہے،زیرتبصرہ کتاب اس کے چھٹے ایڈیشن کانمونہ ہے،امید ہے کہ آئندہ یہ کتاب بہترین کمپوزنگ ،اعلی ترتیب کے ساتھ منظرعام پرآئیگا۔

● **ماثر ومکاتیب مولانا عبدالمعبود:** تالیف : حافظ محمد طیب حقانی ضخامت :360 صفحات

بزرگ عالم دین ومؤرخ مولانا عبدالمعبود صاحب کے علمی ، تاریخی ،تحقیقی ،وادبی ،نقدوجرح کے نادر مباحث وموضوعات پر ایک قیمتی تحفہ جسے ترتیب دینے کی سعادت مولانا عبدالقیوم حقانی کے فرزند ارجمند مولانا طیب حقانی نے حاصل کی ہے ،اہل علم کیلئے مطالعہ کی چیز ہے۔(مبصر: محمد اسلام حقانی)

& & &

● **’’سوانح قطب عالم حضرت اقدس شاہ عبدالرحیم رائیپوری‘‘**

مؤلف: مولانا مفتی عبدالخالق آزاد ناشر : ادارہ رحیمیہ مطبوعات لاہور

خانقاہ رائے پور برصغیر پاک وہند کی مذہبی ، اصلاحی اور سیاسی خدمات کی وجہ سے ہمیشہ اہل علم